In the name of Allah the Most Gracious the Ever Merciful
بسم اللہ الرحمن الرحیم
Press Desk
Ahmadiyya Muslim Jamaat
INTERNATIONAL
(INDIA)
شعبہ پریس اینڈ میڈیا بھارت
Office Press & Media
Ahmadiyya Muslim Jama'at India,
Qadian-143516, Distt.Gurdaspur, Punjab, India.
Mobile: +91-99887 57988
Email: pressamjindia@gmail.com
Tel: +91-1872-500282
ahmadiyya_press ahmadiyyapressindia
(A Registered Religious and Charitable Society in India under the Societies Registration Act XXI 1860)

زیر حوالہ/Ref 272
تاریخ/Date 29-12-2024

جلسہ سالانہ قادیان کا شاندار اختتام

اپنے بھائی کے لئے اگر ضرورت پڑے تو اپنے حق چھوڑنے کا حوصلہ پیدا کرنا جلسہ سالانہ کے مقاصد میں سے ایک مقصد ہے

قادیان میں مورخہ 29؍دسمبر کو جماعت احمدیہ مسلمہ کے 129 ویں جلسہ سالانہ کا کامیاب اختتام ہوا۔اس سہ روزہ جلسہ کا نقطہ مرکزیہ دراصل امام جماعت احمدیہ عالمگیر حضرت مرزا مسرور احمد صاحب خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا خطاب ہے جو حضور انور یو کے سے براہ راست جماعت احمدیہ عالمگیر کے سیٹیلائٹ ٹی وی چینل مسلم ٹیلی ویژن احمدیہ کے ذریعہ ارشاد فرماتے ہیں۔

امام جماعت احمدیہ عالمگیر کا یہ خطاب پوری دنیا میں جماعت کے سیٹیلائٹ چینل کے ذریعہ سے سنا جاتا ہے جس میں حضور انور اپنی قیمتی نصائح سے پوری دنیا کے احمدیوں کو نوازتے ہیں۔

جلسہ سالانہ قادیان کی کاروائیوں کا انڈیا کی مختلف علاقائی زبانوں کے ساتھ ساتھ چند بیرون ممالک کی زبانوں میں بھی ترجمہ کا اہتمام کیا گیا تا کہ مختلف جگہوں سے تشریف لائے لوگوں کو ان کی اپنی زبان میں یہ تقاریر سنائی جا سکیں۔

امام جماعت احمدیہ عالمگیر نے دنیا بھر میں امن کے قیام کے لئے خصوصی دعائیں کرائیں۔

امام جماعت احمدیہ عالمگیر حضرت مرزا مسرور احمد صاحب خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز جلسہ کی اہمیت و برکات کے حوالہ سے بیان فرماتے ہیں:

’’حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام نے اس جلسہ کو خالصۃً للّٰہی جلسہ ہونے کی خواہش اور دعا کی ہے جس میں ہماری روحانی اور علمی ترقی کی باتوں کے علاوہ تربیتی امور کی طرف بھی توجہ دلائی جاتی ہے۔اور اس کا ایک بہت بڑا مقصد جیسا کہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا آپس میں محبت و اخوت کا رشتہ قائم کرنا بھی ہے۔ایک دوسرے کا خیال

رکھنا، اپنے بھائی کے لئے اگر ضرورت پڑے تو اپنے حق چھوڑنے کا حوصلہ رکھنا بھی آپس میں محبت و اخوت کو بڑھانے کا ایک بہت بڑا ذریعہ ہے‘‘

جلسہ سالانہ قادیان باہمی اخوت کا سبق سکھاتا ہے۔ اور جو لوگ اس جلسہ میں شامل ہوتے ہیں ان کے اندر ہمدردی کا جذبہ پیدا ہوتا ہے اور وہ ملک و قوم کے لئے مفید وجود بننے کی کوشش کرتے ہیں۔

جلسہ سالانہ قادیان جس کا آغاز سن 1891ء میں اسی بستی قادیان سے ہوا اس پہلے جلسہ میں محض 75 افراد شامل ہوئے تھے۔ لیکن آج دنیا کے ایک سو سے زائد ممالک میں باقاعدگی سے جلسہ سالانہ منعقد کیا جاتا ہے جس میں سیکڑوں لوگ شامل ہوتے ہیں۔ آج بھی بانئ جماعت احمدیہ حضرت مرزا غلام احمد صاحب قادیانی علیہ السلام کی ہدایات کی روشنی میں خلافتِ احمدیہ کے سائے تلے محض دینی اغراض کی خاطر یہ جلسہ دنیا کے مختلف خطوں میں منعقد ہو رہا ہے اور جلسہ سالانہ کے فیوض و برکات سے ایک عالم فائدہ اُٹھا رہا ہے اور روحانی ترقی کر رہا ہے۔

آج کی تقاریر کے خلاصے اس طرح سے ہیں۔

تقریر نمبر 1: ختم نبوّت کے بارہ میں جماعت احمدیہ کا اسلامی عقیدہ ۔ محترم منصور احمد مسرور صاحب، صدر قضاء بورڈ دار القضاء قادیان

خلاصہ: اپنی تقریر میں محترم منصور احمد مسرور صاحب نے اسلام میں ختم نبوت کے عقیدہ کے حوالہ سے بتایا اور جماعت احمدیہ کا ختم نبوت اور خاتم النبیین کے حوالہ سے عقیدہ کے بارہ میں روشنی ڈالی۔

تقریر نمبر 2: دعوت الی اللہ کیلئے حضرت مسیح موعودؑ کا جزبہ اور حضور انور کی نصائح اور جماعت احمدیہ کی ذمہ داریاں ۔ محترم شیخ فاتح الدین صاحب ایڈیشنل مبلغ و داعی خصوصی دہلی

خلاصہ: اپنی تقریر میں محترم شیخ فاتح الدین صاحب نے دعوت الی اللہ کے لئے حضرت مسیح موعودؑ کے جزبہ اور امام جماعت احمدیہ حضرت مرزا مسرور احمد صاحب خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی افراد جماعت کو نصائح اور ذمہ داریوں کے حوالہ سے بتایا۔

تقریر نمبر 3: سیرت حضرت مسیح موعودؑ (عشق رسول ﷺ کے آئینہ میں) ۔ محترم حافظ مخدوم شریف صاحب، ایڈیشنل ناظر اعلیٰ جنوبی ہند

خلاصہ: اپنی تقریر میں محترم حافظ مخدوم شریف صاحب نے بانئ جماعت احمدیہ حضرت مرزا غلام احمد قادیانی مسیح موعود علیہ السلام کے رسول اکرم ﷺ سے عشق کے حوالہ سے تفصیل سے واقعات کے رنگ میں سامعین سے خطاب کیا۔

تقریر نمبر 4: شکریہ احباب و حکام و ادارہ جات اور دعا: محترم ناظر صاحب اعلیٰ قادیان

خلاصہ: اپنی تقریر میں محترم ناظر صاحب اعلیٰ قادیان نے اس سہ روزہ جلسہ سالانہ کے حوالہ سے احوال بیان کیا اور اس میں کام کر رہے جملہ ادارہ جات اور ان میں خدمت بجالا رہے جملہ رضا کاران کا شکریہ ادا کیا۔

انچارج شعبہ پریس اینڈ میڈیا بھارت